کی نمائندگی کرتی ہیں۔ افسانوں کا حصہ اگرچہ نسبتہً کمزور ہے تاہم مجموعی اعتبار سے اس خاص نمبر کے مشمولات ادب کے تخلیقاتِ عالیہ میں شمار ہونے کے لایق ہیں جو لوگ اردو ادب کے جدید رجحانات اور اُن کی رفتارِ ترقی سے باخبر رہنا چاہتے ہیں اُن کو شاعر کے عام نمبروں کا عموماً اور اس خاص نمبر کا خصوصاً مطالعہ ضرور کرنا چاہیئے۔

طبی ڈائجسٹ | مرتبہ حکیم محمد صلاح الدین صاحب عثمانی۔ تقطیع متوسط ضخامت ۵ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت سالانہ للعہ روپیہ۔ پتہ :۔ مکتبہ طبیہ مارکیٹ روڈ۔ حیدر آباد (پاکستان)

یہ ایک جدید طبی ماہنامہ ہے جو گذشتہ چند مہینوں سے پابندی اور باقاعدگی کے ساتھ حیدر آباد (پاکستان) سے شائع ہو رہا ہے۔ رسالہ کا مقصد پاکستان میں طبِ یونانی کی ترویج و ترقی، عوام کو اس قدیم طریقۂ علاج سے مانوس کرنا۔ اور جدید سائنٹفک تحقیقات سے فائدہ اٹھا کر اُس میں وسعت اور ہمہ گیری پیدا کرنا۔ اطبائے کرام کو منظم اور متحد کرنا اور حکومت کو اس کی علمی اور ضروری امداد کی طرف متوجہ کرنا ہے اب تک اس رسالہ کے جتنے نمبر نکلے ہیں وہ سب انھیں مقاصد کے ماتحت ہیں اور اس لحاظ سے رسالہ کامیاب ہے۔ لیکن موجودہ حالات کے پیشِ نظر ضروری ہے کہ رسالہ کی کتابت وطباعت اور اُس کے مضامین کا معیار اونچا کرنے اور اُن میں تنوع پیدا کرنے کی طرف مزید توجہ کی جائے۔ مڈیکل سائنس کے جو رسالے انگریزی میں نکلتے ہیں کم از کم پاکستان کے طبی رسالوں کو تو اُن سے کم نہیں ہونا چاہیے۔ بہر حال یہ رسالہ موجودہ حالت میں بھی اس لایق ہے کہ عوام اور اربابِ فن دونوں اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں جو لوگ طب نہیں جانتے وہ گھر بیٹھے ہی اس کے ذریعہ مفید اور کارآمد طبی معلومات حاصل کرسکتے ہیں۔